بیرون ملک سفر کو محفوظ بنانے کے لیے آٹھ نکات

کیا آپ پاکستان سے باہر جانے کا سوچ رہے ہیں؟ آپ روزگار، تعلیم یا خاندان والوں سے ملنے کے لیے بیرونِ ملک جانا چاہتے ہیں ۔ اگر ہاں، تو اپنے سفر کو محفوظ بنانے کے لیے مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھیں!

معلومات حاصل کریں:

بیرونِ ملک جانے کا فیصلہ کرنے سے پہلے اچھی طرح معلوم کر لیں کہ آپ کو کہاں رہنا اور کام کرنا ہو گا۔

قانونی طریقہ اختیار کریں:

ویزا، ورک پرمٹ اور دیگر قانونی دستاویزات کے بغیر سفر کرنا غیر قانونی ہے۔

معلوم کریں کہ بھرتی کرنے والا کون ہے:

بیرونِ ملک روزگار تلاش کرنے میں مدد دینے والی ایجنسی / کنسلٹنٹ کے متعلق زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل کریں۔ کیا ایجنسی نے یہ کام کرنے کا لائسنس حاصل کر رکھا ہے؟

معاہدے پر دستخط کریں:

روزگار کی پیشکش قبول کرنے سے پہلے معاہدے پر دستخط کریں۔ ملازمت دینے والے کی طرف سے دستخط شدہ معاہدے کا مطالبہ کریں۔

اپنے دستاویزات کی حفاظت کریں:

ذاتی دستاویزات کو محفوظ رکھیں۔ اپنے پاسپورٹ، ویزا، کام کے معاہدے وغیرہ کی فوٹوکاپی پاس رکھیں۔ اصل دستاویزات کو محفوظ جگہ پر رکھیں اور صرف فوٹو کاپیاں اپنے ساتھ رکھیں اور کسی کو نہ دیں۔

ہنگامی حالات میں:

ذہنی طور پر تیار رہیں! اہم ٹیلی فون نمبروں کی ایک فہرست ہمیشہ اپنے ساتھ رکھیں، مثلاً مقامی پولیس، ایمبولینس، فائر بریگیڈ، دوست اور اہلِ خانہ، اپنا سفارت خانہ یا قونصلیٹ، این جی اوز، مزدوروں کی تنظیمیں، تارکینِ وطن کی تنظیمیں اور مائیگرنٹ ریسورس سنٹر (MRC)۔

دوسرے لوگوں سے رابطہ رکھیں:

اکیلے نہ رہیں! وطن میں اپنے دوستوں اور گھر والوں سے متواتر رابطہ کرتے رہیں۔ اُنھیں اپنی خیریت کی اطلاع دیں۔

اپنی حفاظت کریں:

اگر کسی مسئلے کا سامنا ہے تو بااعتماد شخص سے بات کریں۔ اپنے سفارت خانے، مزدور تنظیموں، مائیگرنٹ ریسورس سنٹر (MRC) یا دیگر حکام سے مشورہ اور تحفظ مانگیں۔

مائیگرنٹ ریسورس سنٹر
MIGRANT RESOURCE CENTRE

بیرون ملک سفر کو محفوظ بنانے کے لیے آٹھ نکات

مزید معلومات کے لئے مائیگرنٹ ریسورس سنٹر کے تمام مراکز سے رابطہ کریں۔ تمام خدمات مفت فراہم کی جاتی ہیں

ہاٹ لائن نمبر: 0304 111 2 123

اسلام آباد

میزانائن فلور، شہید ملت سیکریٹریٹ، بلیوایریا، اسلام آباد

سکائپ
mrcislamabad

کام کرنے کے اوقات: صبح 9 سے شام 5 بجے تک
کام کرنے کے ایام: پیر تا جمعہ

لاہور

انڈسٹریل ریلیشنز انسٹیٹیوٹ، ملحقہ ریسکیو 1122 نزد چاندنی چوک، ٹاؤن شپ، لاہور

سکائپ
mrc.lahore

ای میل: help@mrc.org.pk

یہ معلوماتی مواد مائیگرنٹ ریسورس سینٹر پاکستان نے مرتب کیا ہے ۔
یورپی کمیشن اس میں موجود معلومات کے استعمال کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ہے۔

Funded by the European Union's Asylum, Migration and Integration Fund

Implemented by
ICMPD International Centre for Migration Policy Development

Co-Funded and implemented by Austria and Bulgaria
Federal Ministry Republic of Austria Interior